# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبہ اردو)

**وارننگ**

عزیز طلبہ ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1. اگر آپ اپنی امتحانی مشق یں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔
2. کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: اُردو غزل (9012) سمسٹر: خزاں 2026

سطح: بی ایس اُردو

## (ہدایت نامہ برائے طلبہ)

براہ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں، البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF یا Word فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی، جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہو گا۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور تنقیدی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

# امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ 1تا5)

کل نمبر:100　　　　　　　　　　　　　　کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر 1۔　حالی واکبر کی شاعری مقصدیت اور ملی شعور کی آئینہ دار ہے۔بحث کیجیے۔　(20)

سوال نمبر 2۔　غزل اردو شاعری کی مقبول صنف ہے۔مثالوں سے واضح کیجیے۔　(20)

سوال نمبر 3۔　میر تقی میر کے عہد کے آشوب کے تناظر میں ان کے کلام کا جائزہ لیجیے اور مثالیں بھی پیش کیجیے۔　(20)

سوال نمبر 4۔　آتش کی غزلوں میں عشق کی گرمی اور جذبات کی حرارت پائی جاتی ہے۔مثالوں سے اپنا نقطۂ نظر واضح کریں۔　(20)

سوال نمبر 5۔　ولی کی غزل کی بنیادی خوبی سراپا نگاری ہے۔تائید یا تردید کیجیے۔　(20)

# امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ:6تا9)

کل نمبر:100　　　　　　　　　　　　　　کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر 1۔　غزلیات مومن کی خصوصیات بیان کیجیے اور مثال میں ان کے اشعار پیش کیجیے۔　(20)

سوال نمبر 2۔　حالی کی جدید غزلوں میں ناصحانہ رنگ کیوں کر پیدا ہوا؟ اردو شاعری پر اس کے کیا اثرات مرتب ہوئے؟ واضح کیجیے۔　(20)

سوال نمبر 3۔　حسرت کی غزل ''مشق سخن''اور ''چکی کی مشقت'' دونوں کی آئینہ دار ہے۔وضاحت کیجیے۔　(20)

سوال نمبر 4۔　ایک غزل گو شاعر کی حیثیت سے فراق کے شعری امتیازات پر نوٹ لکھیے۔　(20)

سوال نمبر 5۔　ناصر کاظمی کی شاعری دراصل کھوئے ہوؤں کی جستجو کا منظر نامہ ہے۔اظہار خیال فرمائیے۔　(20)